# TPLProperties

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ TPL پراپرٹیز لمیٹڈ ("کمپنی") کا سالانہ اجلاس عام ("AGM") بروز جمعرات، 21 اکتوبر، 2021 کو صبح 11:30 بجے الیکٹرانک طریقے سے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہو گا:

**عمومی امور:**

1۔ مورخہ 09 اگست، 2021 کو منعقد شدہ غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی کی منظوری

"طے پایا کہ مورخہ 09 اگست، 2021 کو صبح 11:30 بجے منعقد شدہ TPL پراپرٹیز لمیٹڈ کے غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی کو منظور کیا جاتا ہے۔"

2۔ سال مختتمہ 30 جون، 2021 کے حوالے سے کمپنی کے سالانہ انفرادی اور مجموعی آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کے ساتھ ڈائریکٹرز، آڈیٹرز اور چیئرمین کی تجزیہ رپورٹ کی وصولی، ان پر غور و خوض کرنا اور منظوری دینا۔

"طے پایا کہ سال مختتمہ 30 جون، 2021 کے حوالے سے TPL پراپرٹیز لمیٹڈ کے سالانہ انفرادی اور مجموعی آڈٹ شدہ مالی گوشواروں، ان پر ڈائریکٹرز، آڈیٹرز اور چیئرمین کی تجزیہ رپورٹ کو منظور کیا جاتا ہے۔"

3۔ 30 جون، 2022 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہرے کا تعین کرنا۔ سبکدوش ہونے والے میسرز EY فورڈ روہڈز (EY Ford Rhodes) چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی حیثیت سے خود کو دوبارہ تقرری کے لیے پیش کیا ہے۔

"طے پایا کہ میسرز EY فورڈ روہڈز (EY Ford Rhodes) چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کا اُن کی جانب سے موصول شدہ رضامندی کی بنیاد پر، 30 جون، 2022 کو ختم ہونے والی مدت کے لیے باہمی طے شدہ فیس پر، میسرز TPL پراپرٹیز لمیٹڈ کے آڈیٹرز کے طور پر تقرر کیا جاتا ہے۔"

4۔ مبلغ -/1 روپے فی حصص یعنی 10% کے حساب سے پہلے سے ادا شدہ عبوری نقد منافع منقسمہ پر غور اور اس کی منظوری

"طے پایا کہ اراکین کو مورخہ 25 جون، 2021 کو مبلغ -/1 روپے فی حصص (یعنی 10%) کے حساب سے پہلے سے ادا شدہ عبوری نقد منافع منقسمہ کو بذریعہ ہٰذا منظور کیا جاتا ہے۔"

**دیگر امور:**

5۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کو انجام دینا۔

حسب الحکم بورڈ

دانش قاضی

کمپنی سیکریٹری

کراچی، 30 ستمبر، 2021

**تمسکات:**

1۔ **الیکٹرانک طریقے سے AGM کے انعقاد کی وجہ یعنی کورونا وائرس کی ہنگامی منصوبہ بندی**

COVID-19 (کورونا وائرس) کی وباء کے پھیلاؤ سے بچاؤ اور اسٹیک ہولڈرز کے حصص یافتگان کی صحت کے تحفظ کے لیے سالانہ اجلاسِ عام کے حوالے سے ان کی عمومی منصوبہ بندی کو تبدیل کرنے کے لیے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مراسلہ جات میں دی گئی ہدایات کے پیش نظر، کمپنی اپنے اراکین سے درخواست کرتی ہے کہ وہ ایک مقام پر بڑے مجمع سے اجتناب اور COVID-19 (کورونا وائرس) کی وباء کے پھیلاؤ سے بچنے کے لیے AGM میں صرف ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شامل ہوں۔

لہٰذا اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے شرکت اور شمولیت کے لیے اپنے کوائف (نام، فولیو سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، سی این آئی سی نمبر اور موبائل فون نمبر) کمپنی سیکریٹری کے پاس، AGM کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل company.secretary@tplholdings.com پر ای میل کر کے درج کرائیں۔

اراکین سالانہ اجلاسِ عام کے مجوزہ ایجنڈا کے حوالے سے اپنی آراء/تجاویز company.secretary@tplholdings.com پر ای میل کر سکتے ہیں۔

2۔ **منتقلی حصص کی کتب کی بندش:**

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتب (شیئر ٹرانسفر بکس) 15 اکتوبر، 2021 تا 21 اکتوبر، 2021 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی منتقل الیہان (ٹرانسفریز) کے مذکورہ بالا استحقاق کے مقصد کے لیے میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی 75500، پاکستان کو 14 اکتوبر، 2021، کاروباری اوقات کار (شام 5:00 بجے) تک موصول شدہ منتقلی حصص کی درخواستوں کو منتقل الیہان کی مذکورہ بالا استحقاق کے حوالے سے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3۔ **اجلاس میں شمولیت:**

اجلاس میں اراکین کی مقررہ تعداد (کورم) کو یقینی بناتے ہوئے کم سے کم اراکین کے ساتھ سالانہ اجلاس عام طلب کرنے کے لیے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جاری کردہ ہدایات کے مطابق، اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام میں اپنی حاضری اور ووٹنگ کو پراکسیز کے ذریعے یکجا کر لیں۔

کمپنی کے تمام اراکین پراکسی کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے اور وہاں ووٹ دینے کے حقدار ہیں۔ باضابطہ طور پر تقرر شدہ پراکسی، اجلاس میں بات کرنے اور ووٹ دینے کے انہی حقوق کا حامل ہوگا، جو ایک رکن کو دستیاب ہوتے ہیں۔ باضابطہ طور پر پُر اور دستخط شدہ پراکسی فارمز، کمپنی کے رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی۔ 75500 کے پتے پر اجلاس سے 48 گھنٹے قبل لازمی طور پر موصول ہو جانا چاہیئے۔

4۔ **برائے اجلاس میں شرکت:**

(i)۔ انفرادی شخص کی صورت میں، کھاتہ دار (اکاؤنٹ ہولڈر) اور / یا ذیلی کھاتہ دار (سب اکاؤنٹ ہولڈر)، جن کی تفصیلات CDC قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، اپنے مؤثر سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی نقل مع دیگر کوائف (نام، فولیو سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر، موبائل فون نمبر) کی فراہمی کے ذریعے (بذریعہ مندرجہ بالا ای میل) اپنی شناخت کی تصدیق کریں گے نیز پراکسی کی صورت میں لازمی طور پر اس کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی نقل منسلک کریں۔

(ii)۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ، نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ بذریعہ ای میل مذکورہ بالا آئی ڈی پر فراہم کیا جائے گا۔

5۔ **پتے کی تبدیلی:**

اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، بواقع پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی 75500۔ پاکستان کو مطلع کریں۔

6۔ سال مختتمہ 30 جون، 2021 کے حوالے سے کمپنی کے کھاتہ جات (اکاؤنٹس)، کمپنی کی ویب سائٹ /http://tplproperty.com پر لگا دیے گئے ہیں۔